**CCE PF**
**CCE PR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 23. 03. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 23. 03. 2018 ] **Code No. : 12-U**

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh& Private Repeater)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **125**

**[ Max. Marks : 125**

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| 15 × 1 = 15 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | |
| | حضورؐ نے کس ناقہ پر سوار ہو کر حج ادا کیا ؟ | .1 |
| | جواب : قصوا | |
| | آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی ؟ | .2 |
| | جواب : جیلانی بانو | |
| | احمد نگر کی جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟ | .3 |
| | جواب : مولانا ابوالکلام آزاد | |
| | حجتہ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟ | .4 |
| | جواب : ایک لاکھ | |
| | ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے ؟ | .5 |
| | جواب : آزاد رہنا/آزادی | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں کس کو دی گئیں ؟ | .6 |
| | جواب : آئی بنک | |
| | یمین الدین آگے چل کر کس نام سے مشہور ہوئے ؟ | .7 |
| | جواب : امیر خسرو | |
| | نمازِ عشق کے نصاب سے کیا مطلب ہے ؟ | .8 |
| | جواب : نماز سے محبت | |
| | اوس کونسا کام انجام دیتی ہے ؟ | .9 |
| | جواب : دودھ پلانے کا کام | |
| | نظم ''جگنو'' میں شاعر کو کس نے پالا تھا ؟ | .10 |
| | جواب : دائیوں اور کھلائیوں | |
| | مچھرا اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟ | .11 |
| | جواب : فنکار | |
| | کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے ؟ | .12 |
| | جواب : جنت سے نکالے ہوئے آدم کی اولاد | |
| | امیر خسرو کے پسندیدہ پھل کونسے تھے ؟ | .13 |
| | جواب : آم اور خربوزہ | |
| | ''سرحدوں کا جال'' نظم کے شاعر کون ہیں ؟ | .14 |
| | جواب : سلیمان خمارؔ | |
| | رباعی کس لفظ سے بنا ہے ؟ | .15 |
| | جواب : ربع | |
| 12 × 2 = 24 | نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | |
| | مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے کیا کہا ؟ | .16 |
| | جواب : | |
| 1 | مصنف نے برسبیل تذکرہ لالہ کرپاشنکر جی سے یہ کہا کہ اِمتحان کے دن قریب آرہے ہیں۔ | |
| 1 | آپ سحر خیز ہیں، ذرا ہمیں بھی صبح جگا دیا کیجئے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | زعفران کی اچھی نشو ونما کے لئے کونسا موسم سازگار رہوتا ہے ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | زعفران کی اچھی نشو ونما کے لئے معتدل آب وہوا چاہیئے ۔ | |
| 1 | پھول کھلنے کے موسم میں ہلکی دھوپ اور راتوں میں نمی ضروری ہے ۔ | |
| | مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ صبح کا وقت سہانا اور روحِ افزاء ہوتا ہے ۔ | |
| 1 | دماغ صاف ہوتا ہے، جو بھی پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے ۔ | |
| | زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | زعفران میں مختلف کیمیاوی اجزاء گلائی کوسائیڈ وکروسن اور پائرو کروسن کے کڑوے روغن پائے جاتے ہیں ۔ | |
| 1 | فاسفورس اور پوٹاشیم جیسے معدنیات بھی ہوتے ہیں ۔ | |
| | شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | شاعر کو اب پتہ چل گیا ہے کہ بچپن کی باتیں جھوٹ تھیں ۔ | |
| 1 | مگر اس جھوٹ میں اپنی ماں سے مل پانے کی اُمید باقی تھیں ۔ | |
| | سرحدیں انسانی زندگی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | سرحدیں اِنسانی زندگی اور ترقی میں رکاوٹ اس لئے بنتی ہیں، کیونکہ انسان کو کہیں آنے جانے کی آزادی نہیں ہوتی ۔ | |
| 1 | انسان سرحدیں بنا کر خود جال میں پھنس گیا ہے ۔ | |
| | بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | بہار کے آنے سے پہاڑوں کا برف پگھل کر ندی نالوں میں بہتا ہے ۔ | |
| 1 | پہاڑوں سے نکلنے والی ندیاں سمندروں میں جا ملتی ہیں ۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 23. | رُباعی کی تعریف بیان کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | چار مصرعوں والی نظم کو رباعی کہتے ہیں۔ | 1 |
| | جس کا پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتا ہے۔ | 1 |
| | (نوٹ : رباعی کی تعریف سے متعلق کوئی دو نکات لکھنے پر پورے مارکس دیئے جائیں) | |
| 24. | پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری ؟ | |
| | جواب : | |
| | پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی تاریخ پڑھنے اور پڑھانے میں گذری۔ | 1 |
| | دنیا کی تاریخ، ہندوستان کی تاریخ اور ہر عہد کی تاریخ پڑھائی۔ | 1 |
| 25. | موسمِ بہار میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ہزاروں رنگ کی چڑیاں خوشی کا اظہار کرتی ہیں۔ | 1 |
| | چڑیاں اِتراتی اور گاتی پھرتی ہیں۔ | 1 |
| 26. | بلدیہ والے کیا کیا کام کرتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | بلدیہ والے پاکی وصفائی کا خیال رکھتے ہیں۔ | 1 |
| | مچھروں کو مارنے کے لئے ڈی ڈی ٹی کا استعمال کرتے ہیں۔ | 1 |
| 27. | دوسرے دن صبح اُٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے کیا کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | دوسرے دن مصنف کے دروازے پر گھونسوں کی بارش شروع کر دی۔ | 1 |
| | اُس وقت تک دستک دیتے رہے، جب تک مصنف نے شکریہ ادا نہ کیا۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : | 8 × 3 = 24 |
| | متن کے حوالے سے تشریح : | |
| 28. | ''ہم کہیں گے کہ آپؐ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ''حجۃ الوداع'' سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں۔ | 1 |
| | یہ جملہ مجمع نے آپؐ سے کہا۔ | 1 |
| | جب آپؐ نے فرمایا۔ اگر خدا تم سے میری نسبت پوچھے تو تم کیا جواب دو گے ؟ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''اگر کسی نے اس ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔'' | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ ''بدایوں کے شام وسحر'' سبق سے ماخوذ ہے۔ جس کی مصنفہ آدا جعفری ہیں۔ | |
| 1 | یہ جملہ اماں نے بچوں سے کہا۔ | |
| 1 | خوشی کے موقعہ پر اپنے بنائے ہوئے خالص گھی کے حلوے کی تعریف کے دوران یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''خدا ایک ہے ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔'' | 30. |
| | جواب : | |
| 1 | یہ جملہ افسانہ ''درشٹی'' سے لیا گیا ہے۔ اس کے افسانہ نگار زہرہ جمال ہیں۔ | |
| 1 | یہ جملہ مولانا رجب نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔ | |
| 1 | جب ودیا چرن جی اپنا نظریہ بدل کر لوگوں کو اچھے کام کرنے کی تاکید کر رہے تھے۔ | |
| | ذیل میں دئے گئے دو نثر نگاروں میں کسی **ایک** کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) مولانا ابوالکلام آزاد (ii) سید سلیمان ندوی | 31. |
| | جواب : | |
| | (i) **مولانا ابوالکلام آزاد** | |
| | ☆ اصلی نام - محی الدین، ابوالکلام لقب، تخلص آزاد | |
| 1 | ☆ پیدائش - 1888ء مکہ معظمہ، وفات 1958ء دہلی۔ | |
| 1 | ☆ مہارت - عربی، فارسی اور اُردو زبانوں میں، نثری میدان کے شہسوار اور عظیم نثر نگار تھے۔ | |
| 1 | ☆ تصانیف - کاروانِ خیال، غبارِ خاطر، تبرکاتِ آزاد، مکاتبِ آزاد، خطباتِ آزاد اور قولِ فیصل۔ | |
| | ☆ اخبارات - الہلال اور البلاغ۔ | |
| | (ii) **سید سلیمان ندوی** | |
| 1 | ☆ نام - سید سلیمان ندوی | |
| | ☆ پیدائش - 1884ء دسنہ، وفات 1953ء پاکستان۔ | |
| 1 | ☆ قابلیتیں - جید عالم، مورخ، محقق اور بلند پایہ نقاد، رسالہ معارف، اعظم گڈھ کے ایڈیٹر۔ | |
| | ☆ تصانیف - ارض القرآن، رحمتِ عالم، حیاتِ شبلی، نقوشِ سلیمانی، خطباتِ مدراس اور | |
| 1 | سیرتِ عائشہؓ وغیرہ۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .32 | کسی **ایک** شاعر کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھیے : | |
| | (i) میر انیسؔ (ii) علّامہ اقبالؔ | |
| | جواب : | |
| | (i) **میر انیسؔ** | |
| | ☆ نام - میر ببر علی، قلمی نام میر انیسؔ | 1 |
| | ☆ پیدائش - 1802ء فیض آباد، وفات 1874ء۔ | |
| | ☆ مہارت - فارسی، عربی، دینی علوم، علم نجوم، علم رمل اور فنِ سپہ گری وغیرہ۔ نامور مرثیہ گو شاعر تھے۔ | 1 |
| | ☆ خصوصیات - کلام فصاحت، سلاست، روانی اور بے ساختگی کا بہترین نمونہ ہے۔ انہیں الفاظ کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | (ii) **علّامہ اقبالؔ** | |
| | ☆ نام - شیخ محمد اقبال، تخلص اقبالؔ | 1 |
| | ☆ پیدائش - 1877ء (1875ء) سیالکوٹ، وفات 1938ء لاہور۔ | |
| | ☆ اعلیٰ تعلیم - لاہور، لندن اور جرمنی | |
| | ☆ کلام کے اہم جز - مسلمانوں میں نئی روح پھونکی، فلسفہ خودی اور اسلامی نظریات کی تفسیر۔ آپ کو شاعرِ مشرق بھی کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شعری مجموعے - بانگِ درا، بالِ جبرئیل، ضربِ کلیم اور ارمغانِ حجاز ہیں۔ | 1 |
| | ذیل میں دیے گئے اشعار کا مطلب آسان الفاظ میں لکھیے : | |
| .33 | یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے<br>قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے | |
| | جواب : | |
| | یہ شعر اصغرؔ گونڈوی کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | شاعر کہہ رہے ہیں کہ یہ عقل کے بس کی بات نہیں ہے۔ یہ تو عشق کا کمال ہے۔ | 1 |
| | عشق قطرے میں سمندر اور ذرّے میں بیاباں دیکھ لیتا ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .34 | ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا | |
| | وہی ''لن ترانی'' سنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| | یہ شعر علاّمہ اقبالؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | شاعر کہہ رہے ہیں کہ اے خدا ! میں ایک ننھی سی جان ہوں مگر تُو میری شوخی کو دیکھ۔ | 1 |
| | میں وہی بات تجھ سے سننا چاہتا ہوں جو تو نے حضرت موسیٰؑ سے کہی تھی یعنی ''تو مجھے نہیں دیکھ سکے گا۔'' | 1 |
| .35 | ہنگامہ زارِ عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا | |
| | پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے | |
| | جواب : | |
| | یہ شعر حمید الماسؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | شاعر کہہ رہے ہیں کہ آج کے مشینی دور میں انسان کے احساسات مر چکے ہیں۔ | |
| | عشق میں نہ جانے کون کونسے ہنگامے ہو جاتے ہیں۔ | 1 |
| | عشق پھولوں جیسے نرم و نازک لوگوں کو پتھر کی طرح سخت دل اور ظالم بنا دیتا ہے۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات **تین** یا **چار** جملوں میں لکھئے : | 2 × 3 = 6 |
| .36 | ایامِ جاہلیت کے رسم و رواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ایّام جاہلیت کے رسم و رواج کے تعلق سے حضورؐ نے یہ ارشاد فرمایا کہ سارے دستور اور رسم و رواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ | 1 |
| | جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کر دیئے گئے۔ عام معافی دیدی۔ | 1 |
| | جاہلیت کے سود ختم کر دیئے گئے۔ | 1 |
| .37 | مرثیہ کسے کہتے ہیں ؟ اسکی قسمیں کون کونسی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | مرثیہ اُس نظم کو کہتے ہیں جس میں مرحوم شخص کی تعریف کی جاتی ہے۔ | 1 |
| | مرثیے کی دو قسمیں ہیں۔ | 1 |
| | (i) کربلائی مرثیہ | |
| | (ii) شخصی مرثیہ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 4 × 4 = 16 | ذیل میں دئے گئے سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | |
| | پنڈت جواہرلال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔ | 38. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ پنڈت جواہرلال نہرو کو اُردو سے دلی لگاؤ تھا۔ اُردو خاندان والوں کی مادری زبان تھی۔ پنڈت نہرو نے احمد نگر کی جیل میں مولانا ابوالکلام آزاد سے اُردو سیکھی۔ | |
| | ☆ پنڈت نہرو اپنے نام کا اِملا ''الف'' کے بجائے ''ع'' سے لکھتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ سیٹھ گووند داس کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔'' | |
| | ☆ جوشؔ ملیح آبادی کی نظم ''ماتمِ آزادی'' کو اپنے گھر تری مورتی میں بلا کر اپنے دوست و احباب کو سنائی۔ | |
| 1 | ☆ 1958ء کو انجمن ترقی اُردو کانفرنس کے افتتاحی جلسے میں کہا۔ ''مجھے اُردو کے بارے میں بالکل فکر نہیں۔'' وہ ایک جاندار زبان ہے۔ اسے دبانا یا ختم کرنا ناممکن ہے۔ | |
| | ☆ پنڈت نہرو جی اُردو شعراء و اُدباء کے قدردان تھے۔ | |
| 1 | ☆ اُردو مشاعروں میں شرکت کرتے تھے۔ یہاں تک کہ صدارت اور نظامت بھی انجام دیتے تھے۔ | |
| | امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پل کیوں کہا گیا ؟ | 39. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ امیر خسرو ہندوؤں اور مسلمانوں کو ایک سکے کے دو رخ سمجھتے تھے۔ اس لئے ان کی شخصیت کو دو تہذیبوں کے درمیان پُل کہا گیا۔ | |
| | ☆ ہر ہندوستانی شئے سے محبت تھی۔ | |
| 1 | ☆ ہندوستانی آب و ہوا، تہذیب، عقائدان کی شخصیت میں ایسے رچ بس گئے تھے جیسے ''ستار کی تار میں سُر''۔ | |
| | ☆ اُن کے نزدیک اپنے وطن کی حیثیت ''جنتِ عدن'' کی سی تھی۔ | |
| | ☆ امیر خسرو ہر ہندوستانی طبقے کے لوگوں سے پیار و محبت سے پیش آتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ ہندوستانی پھلوں، پرندوں اور معمولی سے معمولی اشیاء سے متعلق ان کی پہیلیاں عام و خاص میں مقبول ہیں۔ | |
| 1 | ☆ ہندوؤں اور مسلمانوں کو جوڑنے اور آپسی پیار و محبت کو برقرار رکھنے میں انہوں نے بہت اہم رول ادا کیا ہے۔ | |
| | **یا** | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | حضورؐ نے حجتہ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں ؟ | |
| | جواب : | |
| ☆ | ذیقعدہ کی 26 تاریخ کو آپؐ نے غسل فرمایا اور چادر تہبند باندھی۔ | 1 |
| ☆ | ظہر کی نماز کے بعد مدینے سے باہر نکلے۔ مدینے سے چھ میل پر ''ذوالحلیفہ'' کے مقام پر رات گزاری۔ | 1 |
| ☆ | دوسرے دن دوبارہ غسل فرما کر دو رکعت نماز ادا کی اور احرام باندھ کر قصوا نامی اونٹنی پر سوار ہوئے۔ | 1 |
| ☆ | آں حضرت ﷺ لبیک فرماتے تو یہی نعرہ بلند ہوتا تھا اور دفعتاً پہاڑوں کی چوٹیاں اس کی جوابی آواز سے گونج اُٹھتیں۔ | 1 |
| ☆ | اس طرح منزل بہ منزل آپؐ آگے بڑھتے چلے گئے۔ | |
| 40. | اپنی نصابی کتاب میں شامل ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد کے ابتدائی چار اشعار : | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے<br>عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | 1 |
| | کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں<br>اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | 1 |
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے<br>نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | 1 |
| | رضا تیری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے<br>غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | نعت کے ابتدائی چار اشعار : | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے<br>سینوں میں عداوت جاگ اٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | 1 |
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے<br>جب ظلم و ستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | 1 |
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی امیدیں بر آئیں<br>اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | 1 |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چرانے والے نے<br>کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : | .41 |
| | (i) رشوت (ii) جگنو | |
| | جواب : | |
| | (i) **رشوت** | |
| | ☆ رشوت نظم کے شاعر جوشؔ ملیح آبادی ہیں۔ | |
| 1 | ☆ شاعر رشوت کو ایک بدترین لت قرار دیتا ہے اور یہ عادت چھوڑنے کو کہتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ رشوت کی بات روز اخباروں میں چھپتی ہے، مگر ہمارا ہر عمل احمقانہ اور مجنونانہ ہے۔ | |
| | ☆ آج دنیا میں ہوس اتنی بڑھ گئی کہ پوچھو مت۔ اُس کے ساتھ ساتھ مہنگائی آسمان سے باتیں کرتی | |
| 1 | دکھائی دیتی ہے۔ اس مہنگائی سے تنگ آ کر لوگ رشوت خوری پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ | |
| | ☆ رشوت کو روکنا ہے تو روز و شب بڑھتی ہوئی مہنگائی کو روکنا ہوگا۔ | |
| 1 | ☆ سماجی، سیاسی اور اقتصادی میدانوں میں تبدیلی لانی چاہیئے۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **جگنو** | |
| 1 | ☆ جگنو نظم کے شاعر فراقؔ گورکھپوری ہیں۔ | |
| | ☆ تاثراتی نظم جس میں ایک یتیم بچے کا درد سمایا ہے۔ | |
| | ☆ بیس برس کے نوجوان کے جذبات ہیں۔ | |
| 1 | ☆ جنم لیتے ہی ماں کا مر جانا۔ یعنی ماں بچے کو نہیں دیکھ پائی اور بچہ بھی ماں کو نہیں دیکھ سکا۔ | |
| | ☆ دائیوں اور کھلائیوں کا پالنا اور کہنا کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ کاش ! میں جگنو ہوتا تو میری ماں کی روح کو راستہ دکھاتا۔ | |
| | ☆ بیس برس بعد یہ احساس ہوا کہ جگنو راستہ نہیں دکھاتے، وہ جھوٹ بھی حسین تھا۔ کیونکہ اس جھوٹ | |
| 1 | سے شاعر کے بے چین دل کو قرار ملتا تھا۔ | |
| | **PART-B/حصّہ - ب** | |
| 10 × 1 = 10 | درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : | |
| | وہ علم جس کے ذریعے شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم کی جاتی ہے۔ | .42 |
| | جواب : (B) علمِ عروض | |
| | مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔ | .43 |
| | جواب : (C) اسمیہ اور فعلیہ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں۔<br>جواب : (B) مقطع | 44. |
| | مرکب مطلق جملے کی قسمیں ہیں۔<br>جواب : (C) چار | 45. |
| | کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو اُن کی مشترک صفت کی بناء پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے تو اُسے کہتے ہیں۔<br>جواب : (A) تشبیہہ | 46. |
| | ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملے میں فعل ناقص یہ ہے۔<br>جواب : (D) ہے | 47. |
| | ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔<br>جواب : (A) لازوال | 48. |
| | وہ نظم جس کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے اور بڑھتے رہتے ہیں۔<br>جواب : (B) آزاد نظم | 49. |
| | واحد اور جمع کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ الگ کیجئے۔<br>جواب : (D) برسات | 50. |
| | ان میں مرکب جملہ کونسا ہے ؟<br>جواب : (B) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا حق تم پر ہے۔ | 51. |
| 4 × 1 = 4 | پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگایئے : | |
| | حمد : اللہ تعالیٰ کی تعریف :: نعت : ..................۔<br>جواب : حضور ﷺ کی تعریف | 52. |
| | آغاز : انجام :: آقا : ..................۔<br>جواب : غلام | 53. |
| | نبی : انبیاء :: ولی : ..................۔<br>جواب : اولیاء | 54. |
| | شاعرِ انقلاب : جوشؔ ملیح آبادی :: طوطئ ہند : ..................۔<br>جواب : امیر خسرو | 55. |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : | 3 × 2 = 6 |
| .56 | جملہ اسمیہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ جملہ جس میں مسندالیہ اور مسند دونوں اسم ہوں، اُسے جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔ جس میں فعلِ ناقص ہو اُسے جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔ | 1 |
| | مثال : امّاں ملازمہ تھیں۔ | 1 |
| .57 | جملہ خبریہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے اُسے جملہ خبریہ کہتے ہیں۔ | 1 |
| | مثال : جوشؔ صاحب پورے طمطراق کے ساتھ نظم پڑھے جا رہے تھے۔ | 1 |
| .58 | فعلِ متعدی کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ فعل ہے جس کے لئے فاعل کے علاوہ مفعول کی ضرورت پڑے اُسے فعلِ متعدی کہتے ہیں۔ | 1 |
| | مثال : شیر نے کتے کو مارا۔ | 1 |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : | 2 × 3 = 6 |
| .59 | مضمون کسے کہتے ہیں ؟ اسکے اجزاء کون کونسے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ایسی تحریر جس میں کسی موضوع پر تسلسل کے ساتھ اظہارِ خیال کیا جائے اُسے مضمون کہتے ہیں۔ | 1 |
| | مضمون کے تین اجزاء ہوتے ہیں۔ | 1 |
| | (i) تمہید | |
| | (ii) نفسِ مضمون | 1 |
| | (iii) خاتمہ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | صنعتِ استعارہ کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | .60 |
| | جواب : | |
| | کسی شعر میں حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی ظاہر کرے اور حقیقی اور مجازی معنوں میں تعلق تشبیہہ کا ہو تو اُسے | |
| 1 | صنعتِ استعارہ کہتے ہیں : | |
| 1 | مثال : کوئی دم کا مہمان ہوں اے اہلِ محفل | |
| 1 | چراغِ سحر ہوں ، بجھا چاہتا ہوں | |
| | **یا** | |
| | صنعت تلمیح کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | کسی شعر یا کلام میں واقعہ، قصّہ یا مذہبی روایت کی طرف اشارہ ہو، اُسے صنعتِ تلمیح کہتے ہیں۔ | |
| | مثال : ابنِ مریم ہوا کرے کوئی | |
| | میرے دکھ کی دوا کرے کوئی | |
| | **PART-C/حصّہ-ج** | |
| 1 × 5 = 5 | اپنے میر معلم/میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ (T.C.) کی درخواست کی گئی ہو۔ | .61 |
| | جواب : | |
| | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| | ii) القاب و آداب | |
| | iii) خط کا موضوع۔ سند تبادلہ (T.C.) کی درخواست | |
| | iv) اختتام | |
| | **یا** | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| | ii) القاب و آداب | |
| | iii) خط کا موضوع ۔ سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر | |
| | iv) اختتام | |
| .62 | کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : | 1 × 5 = 5 |
| | (i) قومی یکجہتی | |
| | (ii) موبائیل فون کے فائدے اور نقصانات | |
| | جواب : | |
| | (i) **قومی یکجہتی** | |
| | تمہید - قول، شعر یا فقرہ | |
| | نفسِ مضمون - (i) قومی یکجہتی کے معنی | |
| | (ii) قومی یکجہتی کی اہمیت | |
| | (iii) قومی یکجہتی کے فائدے | |
| | (iv) ملک کی ترقی میں قومی یکجہتی کا کردار | |
| | اختتام/ خاتمہ - اعادہ، اپنی ذاتی رائے کا اظہار۔ | |
| | (ii) **موبائیل کے فائدے اور نقصانات** | |
| | تمہید - قولِ شعر یا فقرہ | |
| | نفسِ مضمون - (i) موبائیل کا استعمال | |
| | (ii) موبائیل فون کے فائدے | |
| | (iii) موبائیل فون کے نقصانات | |
| | اختتام/ خاتمہ - اعادہ، اپنی ذاتی رائے کا اظہار | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر مطلوب جوابات مختصر لکھئے : | 4 × 1 = 4 |
| .63 | سابق صدر جمہوریہ ہند ڈاکٹر ابوالفاخر زین العابدین عبدالکلام کا شمار دنیا کے عظیم ترین سائنسدانوں میں ہوتا ہے۔اہلِ ہندانہیں بابائے میزائیل کہتے ہیں۔وہ پہلے ہندوستانی مسلمان سائنسدان ہیں جنہیں ''پدم بھوشن''، ''پدم وبھوشن''اور''بھارت رتن'' سےنوازا گیا۔عبدالکلام نے اپنی ملازمت کی ابتداء 1958ء میں ماہانہ 250 روپئے تنخواہ پر بحیثیت سنیئر سائنٹفک اسسٹنٹ سے کی۔ 1968ء میں عبدالکلام نے ''انڈین راکٹ سوسائٹی'' نامی ادارہ قائم کیا۔ان کا محبوب ترین میزائیل ''اگنی'' تھا جس سے ان کا خواب شرمندۂ تعبیر ہوا۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) اہلِ ہندعبدالکلام کو کیا کہتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | اہلِ ہندعبدالکلام کو بابائے میزائیل کہتے ہیں۔ | 1 |
| | (ii) ڈاکٹرعبدالکلام کو کون کونسے خطابات سے نوازا گیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ڈاکٹرعبدالکلام کو پدم بھوشن، پدم وبھوشن اور بھارت رتن وغیرہ خطابات سے نوازا گیا۔ | 1 |
| | (iii) 1968ء میں عبدالکلام نے کونسا ادارہ قائم کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | 1968ء میں عبدالکلام نے''انڈین راکٹ سوسائٹی'' نامی ادارہ قائم کیا۔ | 1 |
| | (iv) ڈاکٹرعبدالکلام کا محبوب ترین میزائیل کونسا تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ڈاکٹرعبدالکلام کا محبوب ترین میزائیل ''اگنی'' تھا۔ | 1 |